# بہنوئی کے ساتھ عمرہ کے لئے جانا

**مجیب:** ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3738

**تاریخ اجراء:** 13 شوال المکرم 1446ھ / 12 اپریل 2025ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

میاں بیوی عمرہ پر جارہے ہیں ساتھ بیوی کی بہن کے جانے کا کیا حکم ہے؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَایَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

بہن کی موجودگی میں بھی بہنوئی غیر محرم ہی ہے اور غیر محرم والے تمام احکامات جاری ہوں گے، لہٰذا بہن بہنوئی موجود ہوں تب بھی عورت کو شرعی مسافت (92 کلومیٹر) یا اس سے زائد مسافت کا سفر شوہر یا محرم کے بغیر کرنا حرام و گناہ ہے، چاہے حج و عمرے کے لئے جائے یا کسی اور کام کے لئے۔ لہٰذا اگر عمرہ کے لیے 92 کلومیٹر یا اس سے زائد سفر کرنا پڑے گا تو بغیر محرم ہرگز ہرگز عمرہ کا سفر نہیں کر سکتی اور صرف بہنوئی کا ساتھ ہونا کافی نہیں، اگر محرم کے بغیر جائے گی تو قدم قدم پر گناہ لکھا جائے گا۔

صحیح مسلم میں ہے

”عن أبي سعيد الخدري، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «لا يحل لامرأة تؤمن بالله و اليوم الآخر، أن تسافر سفرا يكون ثلاثة أيام فصاعدا، إلا ومعها أبوها، أو ابنها، أو زوجها، أو أخوها، أو ذو محرم منها“

ترجمہ: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جو عورت اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتی ہے، اس کے لیے تین دن یا اس سے زیادہ کا سفر کرنا حلال نہیں ہے، مگر جبکہ اس کے ساتھ اس کا باپ یا بیٹا یا شوہر یا بھائی یا اس کا کوئی محرم ہو۔ (صحيح مسلم، رقم الحديث 1340، ج 2، ص 977، دار إحياء التراث العربي، بيروت)

فتاوی ہندیہ میں ہے

”(ومنها المحرم للمرأة) شابة كانت أو عجوزا إذا كانت بينها وبين مكة مسيرة ثلاثة أيام“

ترجمہ: اور عورت کے لئے (حج فرض ہونے کے لیے) محرم کا ساتھ ہونا شرط ہے، عورت جوان ہو یا بوڑھی، جبکہ اس کے اور مکۃ المکرمہ کے درمیان تین دن کا فاصلہ ہو۔" (فتاوی ھندیۃ، ج 1، ص 218، 219، دار الفکر، بیروت)

امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "عورت کے ساتھ جب تک شوہر یا محرم بالغ قابل اطمینان نہ ہو جس سے نکاح ہمیشہ کو حرام ہے سفر حرام ہے، اگر کرے گی حج ہو جائے گا، مگر ہر قدم پر گناہ لکھا جائے گا۔" (فتاوی رضویہ، جلد 10، صفحہ 726، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَ اللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَ سَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net